غدارِ وطن کون؟

عبداللطیف خالد چیمہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ فتنۂ قادیانیت سامراج کی پیداوار ہے اور یہودی و سامراجی گٹھ جوڑ کے نتیجے میں پرورش پانے والا یہ فتنہ اسلام اور مسلمانوں کی قوت کو پارہ پارہ کرنے کے لیے ہر دم تازہ دم ہوتا ہے، پاکستان میں دہشت گردی اور اینٹی پاکستان سرگرمیاں قادیانیوں کی سرشت میں شامل ہیں، اس حوالے سے ہم یہاں روزنامہ ''اُمت کی ایک نیوز سٹوری من وعن نقل کر رہے ہیں تا کہ صاحبانِ حل وعقل اندر کی آنکھ سے اس کو دیکھیں، پڑھیں اور پھر تجزیہ کریں۔''

کراچی/حیدرآباد (نمائندہ خصوصی/بیورو رپورٹ) مفرور دہشت گرد اور کالعدم علیحدگی پسند تنظیم جئے سندھ متحدہ محاذ (جسمم) کے شفیع برفت اور قادیانی قیادت کا گٹھ جوڑ سامنے آ گیا ہے۔ یورپ میں قادیانی تنظیم شفیع برفت سمیت علیحدگی کا نعرہ لگانے والے بلوچ و دیگر رہنماؤں کو فنڈنگ کر رہی ہے اور یورپ میں ان کی سرگرمیوں کے لیے تعاون کرتی ہے۔ بھارتی خفیہ ایجنسی ''را'' بھی ان کی سرپرستی کر رہی ہے، قادیانی تنظیم کا مقصد پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنا اور علیحدگی پسندوں کو ساتھ ملا کر اپنا اثر ورسوخ بڑھانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق یورپ میں قادیانی تنظیم نے باغی سندھی اور بلوچ رہنماؤں کی سرپرستی کا عمل تیز کر دیا ہے، انہیں پناہ فراہم کرنے سے لے کر فنڈنگ تک کی جا رہی ہے، اس فنڈنگ کا بڑا حصہ بالآخر ان تنظیموں کی پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ذرائع کے مطابق برطانیہ اور جرمنی میں موجود قادیانی جماعت کا مضبوط نیٹ ورک یہ معاملات چلا رہا ہے۔ برطانیہ کی قادیانی جماعت اپنے ملک میں مقیم خصوصاً بلوچ باغی رہنماؤں کو تعاون فراہم کرتی ہے جبکہ جرمنی کی تنظیم وہاں مہاجرین کے روپ میں مقیم پاکستانی باغیوں کی مدد کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق سندھ میں پٹریاں اڑانے سمیت دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث کالعدم تنظیم جسمم کا سربراہ شفیع برفت بھی جرمنی پہنچ چکا ہے اور وہاں اسے قادیانی جماعت کی جانب سے بھرپور تعاون فراہم کیا جا رہا ہے۔ اثر ورسوخ استعمال کر کے شفیع برفت کو مہاجر کا اسٹیٹس دلایا جا رہا ہے، جبکہ اسے مالی تعاون بھی فراہم کیا گیا ہے، دوسری جانب دہشت گردی کے مقدمات میں مطلوب ہونے کے باوجود پاکستانی سفارت خانے یا وزارتِ خارجہ نے شفیع برفت کی حوالگی کے لیے اب تک کوئی سرگرمی نہیں دکھائی۔ ذرائع کے مطابق شفیع برفت کی ہدایت پر جسمم کے دہشت گردوں نے بلوچ علیحدگی پسندوں اور ایم کیو ایم کے ساتھ مل کر سندھ بھر میں ریل کی پٹریاں اور گیس لائنیں اڑانے اور پیٹرول بم دھماکوں سمیت دہشت گردی کی کئی وارداتیں انجام دیں۔ تاہم جسمم کے کئی دہشت گردوں کے مارے جانے اور